دلہن کے ساتھ ایسا کرتے ہوئے دانین کو پتہ تھا اب بحث فضول ہیں اور رات بھی بہت ہو گئی ہے تو وہ خاموشی سے جاکر لیٹ گئ تمہیں تو میں صبح پوچھوں گی......

اب تم سے میں تمہاری ہی طرح نپٹوں گا بہت ستا لیا تم نے اب تمہاری باری شاہ سوچتا سو گیا ......

اب تم سے میں تمہاری ہی طرح نپٹوں گا بہت ستا لیا تم نے اب تمہاری باری شاہ سوچتا سو گیا .....

صبح شاہ ذر کی آنکھ کھلی تو اسکی نظر صوفے سے ہوتے ہوئے نیچے گئ جہاں دانین گری ہوئی تھی شاہ نے آنکھیں مسلی اور پھر دیکھا وہ صوفے سے گر کر بھی بے خبر سو رہی تھی شاہ ذر کی۔ ہنسی چھوٹ گئی ....

شاہ ذر اس کے قریب گیا اور اسے ہلایا دانین دانین اٹھو ....کیا ہے سونے دو دانین نیند میں بولی .....جب دانین نہیں اٹھی تو۔ شاہ ذر نے نا چاہتے ہوئے بھی اسے گود میں اٹھا لیا ابھی شاہ۔ ذر اسے لیٹانے ہی لگا تھا کہ دانین نے ایک دم سے آنکھیں کھولی شاہ نے اسے دیکھا تو فوراً سے اسے چھوڑ دیا دانین بیڈ پر گر گئی ...کس قدر بد تمیز انسان ہو اگر۔ میں زمین پر گر جاتی تمیز۔ نہیں تمہیں دانین غصے سے بولی .....بھلائی کا تو زمانہ ہی نہیں ہیں پڑا رہنا دیتا نیچے وہی

ٹھیک تھا شاہ ذر نے کہا اور الماری سے کپڑے نکال کر شاور لینے چلا گیا ۰۰۰۰افف دانین ایک تو تم بلکل بے خبر سوتی ہو دانین نے خود کلامی کی۰۰۰۰۰

شاہ ذر میرا گفٹ دانین تیار ہوتے ہوئے بولی ۰۰۰۰کونسا۔ گفٹ شاہ نے حیرت سے پوچھا۔ ۰۰۰۰بھئ میری منہ دیکھائی دو دانین نے یاد دلایا۰۰۰۰اچھا وہ تو میں نے لیا نہیں اور۔ ویسا بھی اتنی بار تو۔ دیکھ چکا ہوں تمہیں شاہ نے۔ موبائل چلاتے ہوئے کہا۰۰۰۰میں ماما کو کہوں گی دانین بولی ۰۰۰تم نہیں بولو گی شاہ نے کہا۔ ۰۰۰۰کیوں کیوں نہیں بولوں گی دانین نے کہا۰۰۰کیوں کہ میں منع کر رہا ہوں شاہ۔ نے مسکرا۔ کر کہا دانین نے منہ چڑایا اور۔ ہاں جلدی نیچے آجاؤ شاہ نے کہا اور کمرے سے نکل گیا۰۰۰۰

شام میں دانین کمرے میں بیٹھی ناول پڑھ رہی تھی جب شاہ کمرے میں آیا

۰۰۰۰۰۰۰دانین مجھے چائے بنا کر دو شاہ نے کمرے میں آتے ہوئے کہا۰۰۰۰۰

رضیہ سے کہہ دو دانین ناول پڑھتے ہوئے بولی ۰۰۰۰تم بنا۔ کر دو وہ کام کر رہی ہے شاہ نے اس کے ہاتھ سے ناول چھینا ۰۰۰کیا بدتمیزی ہیں واپس کرو دانین نے غصے سے کہا۰۰۰۰آواز نیچی اوکے اور اب جاؤ چائے لا کر دو اور۔ یہ لے جاؤ شاہ کے لہجے میں سختی در آئی ۰۰۰دانین پیر پٹختی کمرے سے نکل گئی کچھ دیر بعد آئی اور۔ چائے لا کر میز پر رکھ دی ۰۰۰ناول دانین نے اس کے آگے ہاتھ کیا رکو پہلے شاہ نے چائے کا کپ اٹھایا اور ایک سیپ لیا اوہ یہ تو پھیکی ہے چینی نہیں ڈالی شاہ۔ نے برا سا منہ بنایا۰۰ڈالی ہیں دانین نے کہا جاؤ چینی لے کر آؤ شاہ۔ نے کہا۔ ۰۰۰۰افف

دانین چینی لینے چلی گئی واپس آئی تو۔ شاہ ذر چائے پی چکا تھا جب ایسے ہی پینی تھی تو۔ مجھے کیوں بھیجا دانین نے چڑ کر کہا ۰۰۰اتنی دیر۔ میں آئی تم اس لیے میں نے پی لی شاہ نے آرام سے کہا دانین تپ گئی اس کے پاس سے ناول اٹھایا۔ اور صوفے پر بیٹھ کر پڑھنے لگی ۰۰۰۰

سنو۔ تھوڑی دیر بعد شاہ ذر نے آواز دی ۰۰۰دانین نے ان سنی کر دیا۰۰۰دانین اس بار شاہ ذر نے ذور سے کہا ۰۰۰کیا ہے دانین نے چڑ۔ کر کہا ۰۰۰پانی ۰۰۰کیا پانی دانین بولی ۰۰۰پانی لا کر دو شاہ نے کہا۔ ۰۰۰۰کیا۔ مطلب ہے وہ رکھا خود اٹھ کر پی لو ننھے بچے کیوں بن رہے ہو دانین نے تپ کر۔ کہا۔ ۰۰۰۰میں نے کہا۔ تم لا۔ کر دو شاہ نے کہا ۰۰۰افف میں تمہارا گلا دبا۔ دونگی دانین نے اٹھ کر اسے پانی کا گلاس دیا اور پھر کمرے سے چلی گئی اسے پتہ تھا وہ اسے سکون سے نہیں بیٹھنے دے گا۰۰۰اسے باہر جاتا دیکھ کر شاہ ذر مسکرانے لگا

……

ولیمے کے فنکشن ختم ہوا تو دانین اور شاہ ذر اپنے کمرے میں آگئے دانین شیشے کے سامنے کھڑی اپنی جیولری اتار رہی تھی۰۰۰۰۰جب اس نے شاہ ذر کو آواز دی شاہ ذر صوفے پر لیپ ٹوپ کھولے بیٹھا تھا اور کانوں میں ہیڈفونز لگے ہوئے تھے۰۰۰۰۰۰۰شاہ دانین نے ایک بار پھر آواز دی شاہ نے اسکی آواز سن کر بھی ویسے ہی بیٹھا رہا جیسے اس نے کچھ سنا ہی نہ ہو اب دانین کو۔ غصے آنے لگا وہ شاہ کے پاس آئی اور۔ کان سے ہینڈ فری نکال کر ذور سے چیخی شااااااااہ ذذذرر ۰۰۰۰۰۰شاہ ذر نے اسے دور دھکا دیا دماغ ٹھیک ہیں تمہارا ایسے کون آواز دیتا ہیں شاہ نے غصے سے کہا ۰۰۰ہاں تو پہلے آرام سے ہی آواز دے رہی تھی اب تم اونچا سنتے ہو۔ تو میں کیا کروں

دانین اس کے غصے کو نظرانداز کر کہ بولی •••دفع ہوجاؤ میرے کمرے سے جاہل لڑکی شاہ ذر چیخا ••••آپ کو نہیں معلوم تو آپ کی معلومات میں اضافہ کرتی چلو کہ اب یہ میرا۔ بھی کمرا ہیں دانین نے پہلے آرام سے اور آخر میں غصے سے کہا•••••اور لائٹ بند کردو مجھے نیند آرہی ہیں دانین بیڈ پر لیٹتی ہوئی بولی •••اوہ ہیلو اٹھو یہاں سے شاہ ذر اس کے سر پر۔ پہنچ گیا ••کیوں دانین نے آئبرو اچکا کر پوچھا ••••کیوں کہ یہ میرا بیڈ ہیں اور آپ اس پر نہیں سو سکتی تمہیں تو میرا احسان مند ہونا چاہیے کہ میں تمہیں اس کمرے میں رہنے دے رہا شاہ ذر نے سختی سے کہا••••ہوگیا لیکچر ختم اب میں سو رہی ہوں یہاں سونا ہو تو جگہ ہیں ورنہ کل میں صوفے پر سوئی تھی آج آپ سوجاؤ اور ہاں لائٹ اوف کردو پلیز دانین نے اس کی باتوں کو نظر انداز کیا اور پھر سے لیٹ گئی ••••دانین میرے صبر کا امتحان نہ لو میں تمہیں کھڑکی سے پھینک دونگا شاہ غصے سے پاگل ہورہا تھا کہ یہ لڑکی اس سے کیوں نہیں ڈرتی••••••ہمت ہے دانین نے اسکی حالت کو انجوئے کرتے ہوئے کہا •••••

دانین شاہ نے غصے سے کہا اس کا بس۔ نہیں چل رہا تھا کہ وہ اسے واقع۔ اٹھا کر پھینک دے دانین نے کوئی جواب نہیں۔ دیا اور لیٹی رہی اور سونے کا۔ ناٹک کرتے کرتے کب سوگئی اسے پتہ نہیں چلا••••

اور شاہ ذر اس سے بدلا لینے کے پلانز بناتا رہا

……

میری نیند حرام کر کے کتنے مزے سے سورہی ہیں ابھی بتاتا ہوں شاہ ذر نیچے گیا۔ اور ٹھنڈے پانی کی بوتل لے کر آیا اور دانین کے منہ پر سارا پانی ڈال دیا•••دانین ہڑبڑا کر۔ اٹھی سامنے شاہ ذر کھڑا ہنس رہا۔ تھا دانین سمجھ گئی کہ یہ کام اس کے ہیں ایسے کون اٹھاتا۔ ہیں انسانوں کی طرح اٹھانا نہیں آتا دانین غصے سے چیخی ••••نہیں شاہ ذر نے مسکراہٹ دبا کر کہا •••••اففف کیا مسئلہ ہیں کیوں اٹھایا دانین پھر سے چیخی •••آواز نیچی اور پکڑو یہ پریس کرو مجھے جانا ہے دیر ہورہی ہیں شاہ ذر نے شرٹ اسے پکڑائی ••••میں کیوں کروں رضیہ کو کہہ دو دانین نے بیزاری سے کہا ••••میں نے تمہیں کہا ہیں نہ اب اٹھو جلدی شاہ ذر کہتا ہوا کمرے سے نکل گیا ••••

کیا مسئلہ ہے دانین نے اپنے بال سمیٹے اور کھڑی ہوگئی •••••••••

مجھے پتہ ہیں یہ سب بہانے ہیں میری نیند خراب کرنے کے ابھی بتاتی ہوں میں دانین نے استری کرتے ہوئے کہا اور شاہ ذر کی شرٹ۔ جلا دی •••••••

شاہ ذر کمرے میں آیا اس نے اپنی فیورٹ شرٹ کی یہ حالت دیکھی تو اسے بہت۔ غصہ آیا۔ •••••

یہ کیا کیا تم نے شاہ نے اس کے ہاتھ سے شرٹ کھینچی •••••••••

میں نے جان کے نہیں کیا غلطی سے جل گئی دانین نے معصومیت سے کہا•••

ہاں جیسے جانتا نہیں۔ میں۔ تمہیں۔ شاہ نے اسے گھورا•••••

تم سے کسی اچھے کام کی امید۔ نہیں رکھی جاسکتی شاہ نے۔ غصے سے کہا اور الماری سے۔ دوسری شرٹ نکالنے لگا...

اور دانین پھر سے جاکر آرام فرمانے لگی.......

شاہ۔ ذر نے بھی قسم کھا رکھی تھی اس کا سکون برباد کرنے وہ پھر سے اس کے سر پر پہنچ گیا....

دانین اٹھو شاہ نے اسے ہلایا۔ ....

کیا ہوا۔ سونے دو۔ دانین۔ نیند میں بولی...

اٹھو شاہ نے تیز آواز۔ میں کہا تو دانین اٹھ کر۔ بیٹھ گئی ....

کیا ہے دانین نے۔ چڑ کر کہا.......

اٹھو۔ مجھے ناشتہ بنا کر دو شاہ نے کہا..

کیا دانین۔ نے۔ آنکھیں۔ پھاڑ کر شاہ کو دیکھا......

مجھے بعد۔ میں دیکھنا پہلے ناشتہ بنا۔ کر دو شاہ نے اسے دیکھتے ہوئے کہا....

میں دانین نے اپنی اوپر انگلی رکھ کر کہا.....

جی ہاں آپ یہاں۔ اور۔ کوئی نظر آرہا ہیں کیا شاہ نے کہا.....

کیا مسئلہ ہیں دانین اٹھی اور پیر پٹختی نیچے چلی گئی.......

....یہ لو دانین نے ناشتہ میز پر رکھا....

سنو آج شانزے کے گھر دعوت ہیں ہماری تمہیں بھی چلنا ہے دانین نے یاد آنے پر۔کہا.....

میں کہی نہیں جارہا خود چلی جانا شاہ نے۔ناشتہ کرتے ہوئے کہا....

تمہارے اچھے بھی جائے گے دانین نے کہا اور شاور لینے چلی گئ ......

....

کیسی لگ رہی ہوں میں دانین نے تیار ہوکر شاہ ذر سے پوچھا...

دانین پرپل کلر کی لمبی فراک پہنے نیچے چوڑی دار پاجامہ لائٹ سا میک اپ کیے نظر لگ جانے والی حد تک پیاری لگ رہی تھی......

شاہ نے ایک نظر اسے دیکھا پھر۔اس کے قریب گیا اور پھر۔اس کے کان کے پاس۔جاکر آہستہ سے کہا خوفناک چڑیل اور۔دور۔ہٹ کر زور زور۔سے ہنسنے لگا۔.....

بدتمیز تم جلتے ہو۔میرے حسن سے دانین نے اتراتے ہوئے کہا.....

میں تم سے جلو گا اور تم سے کس نے کہہ دیا۔تم حسین ہو شاہ ذر۔نے ہنستے ہوئے کہا.....

شاہ۔ذر میں تمہارا قتل کردونگی دانین شاہ کی طرف لپکی...

سوچ لو بیوہ ہوجاؤ گی شاہ نے مسکراہٹ دبائی.......

دانین ایک دم خاموش۔ ہوگئی۔۔۔۔۔۔

کیا ہوا شاہ نے اسے خاموش پا کر۔ کہا۔۔۔

کچھ بھی بولتے ہو چلو دیر ہورہی ہیں دانین نے انگلی سے آنکھ کی نمی صاف کی اور باہر۔ نکل گئی۔۔۔۔۔۔

یہ کیا تھا شاہ ذر کو۔ سمجھ نہ آیا۔۔۔۔۔

اچھا ماما ہم جارہے ہیں اللہ حافظ دانین نے ثناء بیگم کو کہا اور باہر چلی گئی باہر شاہ ذر اس کا منتظر تھا

سارے راستے دانین خاموش رہی شانزے کا گھر آیا تو شاہ ذر نے گاڑی روکی دانین اتر کر باہر آگئی

تم نہیں آرہے دانین نے کہا۔۔۔۔

نہیں شاہ نے سامنے دیکھتے ہوئے کہا۔۔۔۔

شاہ ذر بھائی آپ نہیں آرہے سمرا نے شاہ کو جاتا دیکھ کر کہا وہ ابھی ابھی آئی تھی شانزے نے اسے بھی ڈنر پر اینوائٹ کیا تھا۔۔۔۔۔

نہیں شاہ نے کہا۔۔۔۔

لیکن کیوں آپ کو بھی تو بلایا ہیں اگر آپ نہیں گئے تو اچھا نہیں لگے گا نہ سمرا بولی۔۔۔۔

مجھے کب بلایا دانین تو کہہ رہی تھی صرف اسے بلایا ہیں شاہ ذر نے مسکراہٹ دبانے سنجیدگی سے کہا۔۔۔۔

دانین ، سمرا نے اسے دیکھا•••

جھوٹ جھوٹ کہہ رہا ہیں یہ میں نے کب کہا ایسا دانین نے جلدی سے کہا•••

بس پتہ ہیں تیرے ناٹک سمرا۔ نے کہا•••

چلے آپ سمرا شاہ کی طرف متوجہ ہوئی •••••

ہمم شاہ کار اترا اور دانین کو آنکھ ماری اور اندر چلا گیا ••••••

دانین حیران سی اسے جاتا دیکھنے لگی••••••

ہمم شاہ کار اترا اور دانین کو آنکھ ماری اور اندر چلا گیا ••••••

دانین حیران سی اسے جاتا دیکھنے لگی••••••••••

کھانے سے فارغ ہوئے تو چائے کا دور چلا شاہ ذر شانزے کے ماما بابا کے ساتھ باتیں کر رہا۔ تھا اور شانزے سمرا دانین اپنا۔ گروپ بنائے بیٹھی تھی ••••••

تم۔ لوگوں کو ایک راز کی بات بتاؤ لیکن وعدہ کرو کسی کو نہیں بتاؤ گے دانین نے کہا•••••••

بتاؤ مجھے راز رکھنے آتے ہیں شانزے نے کہا••••••

بس زیادہ جہان سکندر بننے کی ضرورت نہیں ہیں دانین نے اسے ڈپٹا•••••

اچھا بتاؤ بھی سمرا بولی•••••۔

مجھے محبت ہوگئی ہیں دانین نے آنکھیں میچ کر کہا••••

جہان سکندر سے شانزے بولی •••

دانین نے اسے گھورا •••

ارے شاہ ذر سے دانین نے شاہ کی طرف اشارہ کیا•••••

شانزے اور سمرا نے ایک دوسرے کو دیکھا اور ذور ذور سے ہنسنے لگی•••

ہنس کیوں رہی ہو دانین نے حیرت سے انہیں دیکھا••••••

اس میں راز کی کیا بات تھی یہ تو۔ ہمیں پتہ ہیں یاد نہیں ہم نے ہی تجھے بتایا تھا سمرا نے ہنستے ہوئے کہا••••••

بدتمیز ہو تم لوگ میرا مذاق اڑا رہے ہو دانین نے منہ بنایا (وہ ہمیشہ ہی ایسے کرتی تھی پھر۔ خود منہ بنا کر بیٹھ جاتی تھی)••••••

--

تم نے جھوٹ کیوں کہا ہاں میں کب کہا تمہیں کہ شانزے نے صرف مجھے بلایا ہے ہاں دانین نے واپسی پر شاہ ذر کی خبر لی......

شاہ ذر خاموش رہا........

تم کچھ بول کیوں نہیں رہے جواب دو اسے خاموش پاکر دانین پھر سے بولی....

تم سے خاموش نہیں رہا جاتا کیا ہر وقت فضول بولتی رہتی ہو چپ کر کہ بیٹھ جاؤ ورنہ گاڑی سے باہر پھینک دونگا شاہ نے جھنجھلا کر کہا.....

تمہیں کریلے پسند ہیں دانین نی سنجیدگی سے کہا.....

اب کریلے کہاں سے آگئے بیچ میں؟

شاہ ذر نے گاڑی کو بریک مارا.....

کریلے تمہیں بہت ہی پسند ہوگے نہیں میرا مطلب ہیں اتنی کڑوی کڑوی باتیں کرتے ہو بلکل کریلے کی طرح تو تمہیں کریلے بہت پسند ہوگے نہ دانین نے کہا.....

Kitab Nagri www.kitabnagri.com

تم اتنی فضول باتیں کیسے کرلیتی ہو شاہ ذر نے اسے گھورا........

جس طرح تم کڑوی باتیں کر لیتے ہو دانین نے شانے اچکائے.......

افففففف یہ خود تو پاگل ہے مجھے بھی کردے گی شاہ نے اسٹرینگ پر سر گرایا.......

کچھ کہا تم نے؟ دانین نے آگے بڑھ کر پوچھا........

نہیں شاہ نے سر اٹھا کر کہا اور گاڑی سٹارٹ کی.......

روکو روکو روکو دانین تقریباً چلائی.....

کیا ہوا شاہ ذر نے جلدی سے گاڑی کو بریک مارا.......

وہ دیکھو سامنے دانین نے اشارہ کیا....

کیا ہے سامنے شاہ نے پوچھا.....

وہ دیکھو نہ گول گپے مجھے کھانے ہیں دانین نے چھوٹی سی بچی کی طرح کہا.......

دانین تمہارا دماغ تو جگہ پر ہے نہ میں سوچو پتہ نہیں کیا ہوگیا جو تم ایسے چیخی ڈرا دیا مجھے شاہ ذر نے غصے سے کہا.........

ہاں تو اگر میں ایسے ہی کہتی تو تم رکتے کیا دانین نے منہ بنایا......

رک ہم ابھی بھی نہیں رہے سمجھی شاہ نے سختی سے کہا......

پھر ٹھیک ہیں چلے جاؤ اکیلے دانین نے کار کا ڈور کھولا......

دانین یہ کیا بچپنا ہیں شاہ نے اسکا ہاتھ پکڑا......

دانین نے ایک نظر اسے دیکھا پھر اپنے ہاتھ کو جو شاہ کی گرفت میں تھا....

ہاتھ چھوڑو دانین بولی......

کیا حرکتے کرتی پھرتی ہو اب بچی نہیں ہو تم شاہ نے کہا.......

جب نہیں ہوگی نہ میں یہی سب حرکتے یاد آئے گی دانین نے جھٹکے سے ہاتھ چھڑایا اور گاڑی سے باہر آگئی....

یہ کیا بول کر گئی ایک تو مجھے اس کی ایک بات سمجھ نہیں آتی پتہ نہیں کیا کیا بولتی رہتی ہیں شاہ خود سے باتیں کرتے کرتے اس کے پیچھے گیا.....

السلام وعلیکم ماما دانین نے آتے ہوئے سلام کیا......

وعلیکم السلام بیٹا آؤ ناشتہ کرو ثناء بیگم نے کہا......

شاہ ذر اور بتاؤ کیا پلان ہیں تمہارا ثناء بیگم نے شاہ ذر کو مخاتب کیا.....

کیسا پلان شاہ نے حیرت پوچھا.....

ارے گھومنے جانے کا ثناء بیگم نے کہا....

اوہ اچھا شاہ نے کہا.....

جی ہاں تو بتاؤ ثناء بیگم پھر سے گویا ہوئی......

وہ ماما میں تو کہہ رہا تھا لیکن دانین نے ہی منع کردیا شاہ نے دانین کو دیکھا......

کیوں بھئ ثناء بیگم نے دانین سے پوچھا......

وہ وہ ماما بس ایسے ہی دانین نے شاہ کو گھورا......

بدتمیز میں نے ایسا کب کہا جھوٹا انسان دانین نے دل میں شاہ کو کوسا.....

اچھا چلو تم لوگ نہیں جارہے لیکن میں تو جارہی ہوں ثناء بیگم بولی....

کہاں دونوں نے ساتھ میں کہا....

اسلام آباد بھائی کے گھر کافی وقت سے بلا رہے ہیں اب بس تم لوگوں کی شادی سے بھی فارغ ہوگئ تو میں جارہی ہوں (یہ سب تو بس بہانا تھا اصل میں وہ چاہتی تھی کہ شاہ اور دانی اکیلے میں وقت گزارے.....)

یہ تو اچھی بات ہیں آپ ہو کر آجائے پھر دانین نے مسکرا کر کہا......

اب مزا آئے گا شاہ نے دل میں کہا....

تم کہاں کھو گئے دانین نے شاہ کو ہلایا.....

کہیں نہیں شاہ نے کہا.....

ثناء بیگم کو ائیرپورٹ چھوڑ کر دانین اور شاہ واپس گھر آگئے....

دانین ڈرامہ دیکھ رہی تھی جب شاہ نے اسے آواز دی دانین،

کیا ہے دانین نے مصروف انداز میں کہا.....

پانی لا کر دو شاہ نے کہا اور صوفے پر بیٹھ گیا.....

صبر کرو دانین بولی...

دانین ابھی جاؤ شاہ نے تھوڑا غصے سے کہا......

اب دانین کا تو فرض تھا کہ اسے مزید غصہ دلانا ورنہ اسکا کھانا ہضم نہیں ہونا تھا......

صبر کرو صبر کا پھل میٹھا ہوتا ہے اب جب تم صبر کروگے نہ تمہیں پانی بھی میٹھا لگے گا دانین نے مزے سے کہا.......

دانین تم جا رہی ہو یا نہیں شاہ نے اسے گھورا......

جارہی ہوں کڑوے کریلے دانین نے منہ بنایا اور کچن میں چلی گئی......

دانین نے گلاس میں پانی نکالا تو اس کی نظر سامنے نمک کی برنی پر پڑی اس کے شیطانی دماغ میں ایک آئیڈیا آیا اس نے چمچ بھر کر نمک گلاس میں ڈال دیا اور مکس کر کہ باہر لے گئی........

شاہ ذر کو گلاس تھما کر وہ خود بھی صوفے پر بیٹھ گئی........

شاہ نے پانی کا گھونٹ بھرا اور کھانستے ہوئے منہ سے پانی باہر نکال دیا.....

دانین شاہ ذر چیخا...

کیا ہوا دانین نے معصومیت سے کہا...

پانی میں نمک خود نے ملایا اب پوچھ مجھ سے رہی ہو کہ کیا ہوا شاہ نے غصے سے کہا.......

میں نے تو کہا تھا صبر کر لو اب تم نے صبر نہیں کیا تو صبر کا پھل نمکین ہوگیا میری کیا غلطی دانین نے دنیا بھر کی معصومیت چہرے پہ سجائے کہا......

تم سے بات کرنا ہی فضول ہے شاہ ذر اٹھ کر چلا گیا اور دانین ہنستے ہوئے پھر سے ڈرامے میں مگن ہوگئی.......

سنو رضیہ شاہ ذر نے رضیہ کو مخاتب کیا......

جی صاحب.....

رضیہ کل تمہاری چھٹی ہے کل مت آنا شاہ ذر نے کہا......

ٹھیک ہے شکریہ صاحب جی........

شکریہ کی ضرورت نہیں ہے شاہ مسکرایا........

اب مزا آئے گا شاہ شطرانہ مسکرایا......

دانین سنو شاہ ذر رات کمرے میں آیا....

سناؤ دانین بولی.....

کل میرے کچھ دوست آرہے ہیں گھر کھانے پر......

تو میں کیا کروں دانین نے شاہ ذر کی بات کاٹی......

کھانا بنا لینا اور جو جو آئے گا مجھے بتا دینا میں لے آؤ گا شاہ نے اپنی بات مکمل کی......

مجھے کیوں کہہ رہے ہو رضیہ کو کہو وہ بنائے گی کھانا دانین نے کہا......

رضیہ کل نہیں آئے گی اس کی امی کی طبعیت ٹھیک نہیں ہیں شاہ ذر نے جھوٹ بولا (شاہ کو پتہ تھا دانین کام سے کتنا بھاگتی ہیں اس لیے اس نے جان بوجھ کر ایسا کیا.....)

اچھا تو پھر ہوٹل سے مانگا لینا دانین نے جھٹ سے کہا.....

وہ لوگ ہوٹل کا کھانا نہیں کھاتے شاہ نے کہا......

اچھا ٹھیک ہے دانین نے ہامی بھر لی....

سارا سامان میں لے آیا ہوں اب تم تیاری کرو ویسے بھی تمہیں بہت دیر لگے گی شاہ نے حکم دیا......

Kitab Nagri www.kitabnagri.com

کیا مطلب تیاری کرو میں اکیلے وکیلے کچھ نہیں کر رہی چلو تم بھی دانین نے تیوری چڑھا کر کہا......

مجھے کہہ رہی ہو شاہ نے حیرت سے اپنے اوپر انگلی رکھی.....

نہیں بھوتوں سے ،تمہارے علاوہ اور کوئی ہیں یہاں دانین نے کہا....

چلو بھی اب دانین نے پھر سے کہا.....

دونوں کچن میں آگئے....

ہاں اب مجھے پیاز کاٹ دو تم جب تک میں دوسرا کام کر لوں دانین نے کہا.....

شاہ کو مجبوراً اس کی مدد کرنی پڑی کیوں کہ وہ سب کو دعوت دے چکا تھا.......

شاہ ذرا فریج سے دہی نکال کر دینا.....

سنو مصالحہ پاس کرنا....

فریج سے چکن نکال کر دینا.....

دانین ہر پانچ منٹ بعد اسے کچھ نہ کچھ کام بتائے جارہی شاہ ایک غصے سے بھری اس پر ڈالتا اور کام میں مصروف ہوجاتا.....

اب تو وہ دل ہی دل خود کو کوس رہا تھا کہ اس نے رضیہ کو کیوں چھٹی دی اس کو سبق سیکھانے کے چکر میں وہ خود گھن چکر بن گیا تھا.......

تھوڑی نوک جھوک تھوڑا کام کرتے کرتے آخر کچھ گھنٹوں میں ان لوگوں کھانا تیار کرلیا......

آخر میں نے کھانا بنا ہی لیا دانین خوشی سے جھومی.....

میں نے شاہ نے حیرت سے کہا....

ارے میرا مطلب ہم نے دانین نے دانت دیکھائے......

مجھے تم سے محبت ہے

آخر میں نے کھانا بنا ہی لیا دانین خوشی سے جھومی.....

میں نے شاہ نے حیرت سے کہا....

ارے میرا مطلب ہم نے دانین نے دانت دیکھائے......

چلو اب میں تیار ہوجاؤ دانین نے کہا....

تم کیوں تیار ہوگی شاہ نے آئبرو اچکا کر پوچھا......

بھئی مہمان آرہے ہیں ایسے ہی تو نہیں جاؤنگی نہ ان کے سامنے دانین کو اس کی عقل پر شبہ ہوا.......

تم سے کس نے کہا تم ان کے سامنے جاؤ گی شاہ نے سوال کیا.....

کیا مطلب دانین کو کچھ سمجھ نہیں آیا.....

مطلب کچھ نہیں بس میں نے کہا نہ نہیں شاہ نے کہا....

وجہ بتاؤ پہلے دانین نے بضد ہوئی.....

سب لڑکے لڑکے ہیں تم کیا کرو گی ہمارے بیچ کوئی لڑکی ہوتی تو پھر ٹھیک تھا شاہ نے کہا....

تو میں کون سا تم لوگوں ساتھ بیٹھ کر باتیں کروں گی دانین بولی....

دانین دیکھو پیار سے کہہ رہا ہوں نہ کبھی تو کسی کی بات مان لیا کرو یار شاہ نے آرام سے کہا....

اوکے دانین مسکرا دی....(دانین کو اچھا لگا تھا کہ شاہ ذر اسے دوسروں کی بری نظروں سے بچانا چاہتا تھا.....)

شاہ نے سکون کی سانس لی اور مسکرا دیا......

دانین ایک گلاس پانی ملے گا شاہ نے کہا......

ہاں کیوں نہیں ابھی لاتی ہوں دانین مسکرا نے مسکرا کر کہا اور کچن میں چلی گئی......

اتنی بھی بری نہیں ہیں جتنا میں سمجھتا تھا شاہ ذر نے خود کلامی کی....

شاہ یہ تم کیا کہہ رہے ہو ہاں پھر فوراً ہی شاہ نے خود کو ڈپٹا......

تمہاری طبعیت تو ٹھیک ہیں نہ کس سے باتیں کررہے ہو دانین نے پانی کا گلاس تھماتے ہوئے کہا.....

کسی سے نہیں شاہ گڑبڑا گیا.....

اچھا دانین نے سر ہلادیا.....

دانین شاہ چیخا.....

کیا ہوا؟ دانین چہرے پر معصومیت سجائے بولی.....

یہ کیا ہیں شاہ نے گھورتے ہوئے گلاس سامنے گیا.....

پانِی ہیں یار دانین نے اس کا مزاق اڑایا...

یہ تو مجھے بھی دیکھ رہا ہیں اب کیا ملایا ہیں اس میں شاہ ضبط کرتا ہوا بولا......

کیوں میں نے تو کچھ نہیں ملایا یہ تو بس صبر کا پھل ہیں تم نے صبر کیا نہ تو یہ اس کا پھل ملا ہیں تمہیں دانین نے آنکھ ماری......

تم نہیں سدھر سکتی شاہ نے نفی میں سر ہلایا.....

دانین۔ ہنسنے لگی.....

کیسی رہی تمہاری دعوت شاہ رات کمرے میں آیا تو دانین نے پوچھا.......

اچھی شاہ نے مختصر سا جواب دیا.....

کھانا کیسا لگا سب کو دانین نے پوچھا.......

بہت اچھا لگا سب تعریف کر رہے تھے شاہ نے بتایا.....

ہاں آخر بنایا کس نے تھا دانین نے فخریہ انداز میں کہا......

میں نے شاہ نے مسکراتے ہوئے کہا....

جی نہیں میں دانین نے کہا....

ہاں تم کھڑی صرف چمچ گھما رہی تھی سب تو میں نے کیا شاہ نے طنزیہ کہا...

توبہ توبہ کتنا جھوٹ بولتے ہو تم دانین نے دونوں کانوں کو ہاتھ لگایا......

تم بڑی سچی ہو شاہ نے کہا.....

جی الحمداللہ دانین نے کہا......

حد ہیں ویسے شاہ نے نفی میں سر ہلاتے ہوئے کہا......

کس بات کی حد دانین نے پوچھا....

کسی کی بھی نہیں بس بات ختم دونوں نے بنایا تھا خوش شاہ نے کہا....

ہاں دانین بولی....

کہاں شاہ نے دانین کو بیڈ سے تکیہ اور چادر اٹھاتے دیکھ کر پوچھا....

سونے دانین نے کہا اور چادر تکیہ لے کر صوفے پر لیٹ گئی......

شاہ کچھ دیر سوچتا رہا پھر دانین کو آواز دی ،دانین.....

ہاں دانین نے کہا....

تم ادھر سو سکتی ہو شاہ نے سوچتے سوچتے بات مکمل کی.....

سچ بتاؤ نیند میں تو نہیں تم دانین اٹھ کر بیٹھ گئی....

شاہ کو اس کی حرکت پر ہنسی آگئی نہیں ہوں نیند میں شاہ نے کہا.....

دانین بیڈ پر آگئی.....

دانین کے دماغ کام کرنے لگا کہیں یہ اد کا کوئی پلان تو نہیں دانین نے دل دل میں سوچا......

سنو دانین نے کہا....

ہاں شاہ نے جواب دیا.....

یہ تمہاری کوئی سازش تو نہیں ہیں نہ دانین نے اپنا خدشہ ظاہر کیا....

میں سمجھا نہیں شاہ نے کہا....

نہیں میرا مطلب کہ تمہاری سازش تو نہیں نہ کہی میں سوجاؤ تم مجھے اٹھا پھینک دو یا پھر گلا دبا کے مار دو دانین نے معصومیت سے کہا.....

حد ہیں میں اتنا ظالم بھی نہیں شاہ کو حیرت ہوئی کہ وہ کیا کیا سوچتی ہیں......

اچھا پھر ٹھیک ہیں دانین لیٹ گئی.....

تمہاری طبعیت تو ٹھیک ہیں نہ دانین نے اٹھ کر اسکے ماتھے پر ہاتھ رکھا.....

دانین کیا ہوا پاگل ہوگئی ہو کیا مجھے تو تمہاری طبعیت ٹھیک نہیں لگ رہی شاہ ذر کو وہ اس وقت کوئی پاگل لگی.......

نہیں نہیں اب میں ٹھیک ہوں دانین مسکرا دی اور لیٹ گئی۔......

عجیب پاگل لڑکی ہیں شاہ اسکی حرکتوں پر ہنس دیا.......

پھر کب نیند کی دیوی ان پر مہربان ہوئی پتہ نہیں چلا..........

ماما آپ کب آئے گی اب تو اتنے دن گزر گئے ہیں دانین نے روہنسے لہجے میں کہا (وہ کبھی بھی ان سے اتنے دن تک دور نہیں رہی تھی......)

آجاؤنگی بیٹا بس کچھ دن میں ثناء بیگم نے پیار سے کہا.....

کب ایک ہفتہ ہونے والا ہیں اب تو دانین بولی......

اچھا ناراض نہ ہو میں بس ایک دو دن میں آجاؤنگی ثناء بیگم نے کہا......

پھر کچھ دیر بات کر کہ دانین نے فون بند کردیا......

وقت پھنک لگائے اڑ رہا تھا....شاہ ذر اور دانین کی شادی کو ایک مہینہ گزر ہوگیا تھا ثناء بیگم بھی اسلام آباد سے واپس آگئ تھی سب کی پہلے جیسی روٹین بن گئ تھی دانین کالج شاہ آفس اور ثناء بیگم گھر پر اکیلی......

دانین آج کالج نہیں گئ تھی اس نے سوچا تھا وہ شاہ ذر کی پسند کا کھانا بنا کر اس کے آفس لے کر جائے گی شاہ کے آفس جانے کے بعد سے وہ تیاری میں لگی تھی ....ثناء بیگم اسے یوں خوش دیکھ کر مطمئن ہوگئ تھی اور دل ہی دل میں اسکی خوشیوں کی دعا کی....

آجکل بڑا خوش نظر آرہا تو وجہ آیان نے پوچھا.....

ہاں یار شاہ نے کہا....

آیان نے پوچھا تو شاہ نے ساری باتیں اسے بتا دی جو پچھلے ایک مہینے میں ہوئی.....

تو پاگل ہیں کیا یار آیان نے حیرت سے کہا......

کیا مطلب اس میں پاگل ہونے والی کون سی بات ہیں شاہ نے آبرو اچکا کر پوچھا......

تجھے کیا لگتا ہیں تو یہ سب ٹھیک کر رہا ہیں ؟ تو اس کی ہی نہیں اپنی زندگی بھی برباد کر رہا ہے آیان نے کہا....

کیا بول رہا ہیں یار تو میری سمجھ سے باہر ہے اور میری پہلے ہی مرضی نہیں تھی کہ یہ شادی ہو میں نے پہلے ہی سوچ لیا تھا کہ مجھے اگر کوئی بہتر لڑکی ملی میں اس سے شادی کرلونگا شاہ نے گویا بم پھوڑا.......

تو ہوش میں ہے دوسری شادی کرے گا اگر ایسا ہی کرنا تھا تو اس کی زندگی کیوں خراب کی ہاں آیان نے غصے میں کہا........

میں نے صرف ماما کی اور بابا کی خواہش کی وجہ سے یہ شادی کی ہیں اور کچھ نہیں شاہ کا کہا......

شاہ سوچ لے ابھی بھی وقت ہیں بعد میں ایسا نہ ہو بس پچتاوا رہ جائے آیان نے اسے سمجھایا......

یار کیا ہوگیا ہیں میں تو سمجھ رہا تھا تو دانی کے ساتھ خوش ہیں اور تو یہ سب ڈرامے کر رہا تھا اور دانین کا کیا ہوگا ہاں جو تو کہہ رہا ہیں کوئی اچھی لڑکی ملی تو تو شادی کرکے گا......

اس نے ساری زندگی مجھے ستایا ہیں میں نے ایسا کر لیا تو کیا ہوگیا اور ہاں وہ میرے ساتھ رہنے چاہے گی تو ٹھیک ہیں ورنہ میں تلاق دے دونگا اس کو شاہ کا دل بار بار اسے منع کر رہا تھا ایسا مت کہو لیکن وہ اپنی دل کی آواز پر کان بند کیے بولتا گیا......

باہر کچھ گرنے کی آواز آئی شاہ نے نظر انداز کیا.....

شاہ ذر ہوش کر یار کہی ایسا نہ ہو اس کی قدر جب ہو جب تو اسے کھو دے آیان نے اسے سمجھایا.....

مجھے وہ چاہیے بھی نہیں یہ ایک

زبردستی کا رشتہ ہیں اور زیادہ دن قائم نہیں رہ سکتا شاہ نے کہا......

تو سچ سچ بتا کیا تو اس کے ساتھ نہیں رہنا چاہتا کیا تجھے ذرا اس کی فکر نہیں یار اتنے دن ساتھ رہنے کے بعد کسی جانور سے بھی لگاؤ ہوجاتا ہیں کیا اتنے دن ساتھ رہنے کے بعد تجھے اس سے ذرا بھی محبت نہیں ہوئی آیان نے اس کی طرف دیکھ کر کہا.....

آیان کی بات پر شاہ خاموش ہوگیا....

بول نہ اب کیا تو واقع خوش رہ سکے گا اس کے بغیر میں نے تجھے کبھی اس طرح خوش نہیں دیکھا جتنا پچھلے کچھ دن سے دیکھ رہا ہوں سچ بتاؤں تو مجھے لگتا ہیں تجھے اس سے محبت ہوگئی ہیں لیکن یہ تیری انا اڑے آرہی ہیں شاہ محبت میں انا کو سائیڈ رکھنا پڑتا ہیں اور شادی کوئی مزاق نہیں ہیں یار سمجھ میری بات اور کیا آنٹی تیرے اس فیصلے سے خوش ہوگی کتنا دکھ ہوگا انہیں ابھی وہ اس سب کے بارے میں نہیں جانتی جب انہیں پتہ چلے گا تو کیا گزرے گی انکے دل پر شاہ ابھی دانین تیرے پاس ہیں قدر کرلے اسکی اگر میرے اتنے سمجھانے کے بعد بھی تو اپنے فیصلے پر قائم ہیں تو ٹھیک ہیں پھر مرضی ہیں تیری سمجھانا میرا فرض تھا کیونکہ تو میرا دوستوں سے بڑھ کر ہے میں تجھے

اداس ،ہارا ہوا نہیں دیکھ سکتا باقی اگے تیری مرضی تیری زندگی ہیں آیان نے اپنی بات مکمل کی
.....

کمرے میں خاموشی چھاگئی شاہ سوچ میں پڑ گیا تھا جس بات کو وہ اتنے دن سے جھٹلاتا آرہا تھا وہ آج آیان نے کہہ دی تھی اسکے کانوں میں آیان کے الفاظ گونج رہے تھے کہ تجھے اس سے محبت ہوگئی ہیں.....

دروازے کی آواز نے خاموشی میں ارتعاش پیدا کی.....

کم اِن شاہ نے کہا.....

سر یہ لیں لڑکی نے ٹیفین بوکس شاہ کی طرف بڑھایا......

یہ کون لایا شاہ نے پوچھا؟

سر وہ دانین میم آئی تھی آپ کا پوچھ رہی تھی میں نے بتایا آپ اپنے کیبین میں ہے وہ چلی گئی پھر واپس آئی تو کہا کہ یہ میں آپ کو دے دوں اور سر وہ رو بھی رہی تھی لڑکی نے کہا.....

شاہ کو یاد آیا کہ تھوڑی پہلے کچھ گرنے کی آواز آئی وہ سمجھ گیا کہ اس وقت باہر دانین تھی اور وہ سب سن چکی ہیں.........

اوہ شیٹ شاہ نے کہا......

تم جاؤ اپنا کام کرو آیان نے کہا تو وہ لڑکی اثبات میں سر ہلاتی چلی گئی.....

شاہ زر تو نے اچھا نہیں کیا آیان کہتا ہوا کمرے سے نکل گیا.....

شاہ زر نے گاڑی کی چابی اٹھائی اور باہر نکل گیا.......

مجھے تو لگتا تھا شاہ زر کو میں پسند ہوں جب ہی اس نے رشتے کے لیے ہاں کی اگر مجھے معلوم ہوتا تو میں کبھی ہاں نہیں کرتی دانین کی آنکھوں سے دو موتی رخسار پر گرے.....

(دانین کا دل جب بھی اداس ہوتا یا اسے کسی نے ہرٹ کیا ہوتا تو وہ سمندر پر آجاتی تھی آج بھی وہ سمندر پر آئی تھی اپنے آنسو سمندر کی لہروں بہانے آج اس کا دل ٹوٹا تھا اوردل توڑنے والا شخص اسے جان سے زیادہ عزیز تھا)

دانین وہی ریت پر بیٹھ گئی دانین کو وہ سب لمحے یاد آرہے تھے جو اس نے شاہ زر کے ساتھ گزارے تھے مجھے لگتا تھا کہ تم ایسے ہی مجھے ستاتے ہو غصہ کرتے ہو لیکن میں نہیں جانتی تھی اس سب کے پیچھے تم مجھ سے نفرت کرتے ہو میں ہی پاگل تھی جو اتنے دن میں یہ بات نہ سمجھ سکی، اور کتنی بےوقوف ہوں میں جو ایسے شخص سے محبت کر بیٹھی جو مجھ سے صرف نفرت کرتا ہیں

دانین کی ہچکیاں بندھ گئی اشک اسکے رخسار کو بھیگو رہے تھے وہ کافی دیر وہی بیٹھی روتی رہی پھر کسی سوچ کے تحط سر اٹھایا اور آنسو صاف کیے تمہیں مضبوط بننا ہیں دانین.....

دانین اب کافی حد تک سنبھل چکی تھی اپنا غم وہ یہی چھوڑ کر جارہی تھی اس نے فیصلہ کر لیا تھا کہ اسے اب کیا کرنا ہیں.......

دانین اب کافی حد تک سنبھل چکی تھی اپنا غم وہ یہی چھوڑ کر جارہی تھی اس نے فیصلہ کر لیا تھا کہ اسے اب کیا کرنا ہیں.......

شاہ ذر جب گھر پہنچا تو دانین گھر پر نہیں تھی اس نے ثناء بیگم سے پوچھا تو انہوں نے کہا کہ کچھ دیر پہلے تمہارے آفس گئی تھی تمہیں پتہ ہو گا نہ شاہ نے اس کی فرینڈز کے گھر فون کیا وہ وہاں بھی نہیں تھی شاہ کو سمجھ نہیں آیا کہ وہ اب کیا کرے اس نے آیان کو فون کیا تو آیان نے فون رسیو نہیں کیا شاہ کو سمجھ نہیں آرہا تھا وہ کیا کرے آخر کہاں جا سکتی ہیں شاہ پریشانی سے بولا........

باہر کہیں دیکھتا ہوں شاید کچھ پتہ چل جائے دوپہر سے شام ہونے کو تھی دانین کا آتا پتہ نہیں تھا.....

شاہ باہر جانے ہی لگا تھا کہ دروازے سے دانین کو گھر میں داخل ہوتے دیکھ کر رک گیا.....

کہاں تھی تم شاہ نے آگے بڑھ کر سختی سے کہا....

دانین نے جواب نہیں دیا اور اندر آگئی ثناء بیگم اسے دیکھ کر اس کے پاس چلی آئی کہاں چلی گئی تھی بیٹا ہم سب اتنا پریشان ہوگئے تھے اور یہ آنکھوں کو کیا ہوا تمہاری ثناء بیگم فکرمندی سے بولی.....

رونے کی وجہ سے دانین کی آنکھیں سوج گئی تھی.....

کچھ نہیں ماما بس بہت پانی بہہ رہا تھا آنکھوں سے تو ڈاکٹر کے پاس چلی گئی تھی وہاں دیر لگ گئی میرا موبائل بھی جارج نہیں تھا ورنہ میں آپ کو اطلاع کر دیتی دانین نے ان کی پریشانی دور کرنے کے لیے بہانہ بنایا.....

اچھا بیٹا تم آرام کرو اب ثناء بیگم نے پیار سے کہا تو دانین اثبات میں سر ہلاتی کمرے میں چلی گئی .....

شاہ ذر بھی دانین کے پیچھے گیا کہاں گئی تھی تم شاہ نے سوال کیا؟

دانین نے کوئی جواب نہیں دیا اور اپنا سامان کمرے سے سمیٹنے لگی.....

کچھ پوچھ رہا ہوں میں شاہ نے اس بار غصے سے کہا....

میں تمہارے کسی بھی سوال کی جواب دہ نہیں ہو دانین نے بھی غصے سے کہا......

کیوں تمہیں بتانا ہوگا آخر میں تمہارا شوہر ہوں شاہ نے کہا...

اوہ تو آپ کو یاد آ ہی گیا کہ آپ میرے شوہر ہیں دانین نے طنزیہ کہا.....

دانین میں آرام سے پوچھ رہا ہوں نہ شاہ نے کہا.....

وکیل کے پاس گئی تھی دانین نے شاہ کی طرف دیکھا.....

کیوں ؟ اور ابھی کہاں جا رہی ہو شاہ نے دانین کو سامان اٹھائے کمرے سے جاتا دیکھ کر کہا.....

وہ تمہیں صبح پتہ چل جائے گا اور میں اپنے کمرے میں جارہی ہوں آپ کا کمرہ آپ کو مبارک ہو دانین نے کہا اور تیزی سے کمرے سے نکل گئی......

شاہ حیران سا اسے جاتا دیکھتا رہا کافی دیر وہ یوں ہی دروازہ تکتا رہا پھر لائٹ آف کر کے بیڈ پر گرنے والے انداز میں لیٹ گیا......

کیا واقع مجھے دانین سے محبت ہوگئی ہیں شاہ نے خود کلامی کی......

لیکن نہیں ایسا کیسے ہوسکتا ہے مجھے تو وہ ایک نظر اچھی نہیں لگتی تھی اور یہ شادی صرف ماما کی وجہ سے کی میں نے شاہ نے فوراً کہا....

تم مان کیوں نہیں لیتے کہ تمہیں اس سے محبت ہیں کیوں جھٹلا رہے ہوں تم شاہ کے دل سے آواز آئی.....

شاہ کے دل و دماغ میں جنگ چل رہی تھی لیکن وہ کسی نتیجے پر نہیں پہنچ پارہا تھا اس کی انا اڑے آرہی تھی کہ شاہ ذر یوسف کو محبت وہ بھی دانین خضر سے کبھی نہیں جب کہ شاہ ذر کا دل بار بار چیخ چیخ کر کہہ رہا تھا کہ جا کر کہہ دو اسے ورنہ دیر ہوجائے گی......

کافی دیر وہ اس بارے میں سوچتا رہا اور سوچتے سوچتے کب نیند آگئی پتہ نہ چلا.......

صبح جب اس کی آنکھ کھلی تو اس کی نظر گھڑی پر گئی جو صبح کے دس بجا رہی تھی......

میں اتنی دیر سوتا رہا کسی نے اٹھایا بھی نہیں دانین دانین شاہ نے دانین کو آواز دی لیکن جب اسے کل والی بات یاد آئی تو وہ خاموش ہوگیا اور فریش ہونے چلا گیا......

شاہ جب فریش ہو کر آیا تو اس کی نظر سائیڈ ٹیبل پر پڑے لفافے پر پڑی اس نے اگنور گیا اور نیچے چلا گیا......

ماما دانین کہاں ہیں شاہ نے کچن میں کام کرتی ثناء بیگم سے پوچھا.....

بیٹا وہ اپنی خالا کے گھر چلی گئی ہیں کہہ رہی تھی ان کی طبعیت ٹھیک نہیں ہیں ثناء بیگم نے بتایا.....

مجھے نہیں بتایا اس نے شاہ ذر نے کہا...

بس اچانک گئی ہیں وہ گئی تھی تمہارے کمرے میں تم سو رہے تھے نہ تو اس نے اٹھانا مناسب نہیں سمجھا ہو گا......

شاہ کو وہ لفافہ یاد آیا جو اس کی سائیڈ ٹیبل پر رکھا تھا وہ فوراً کمرے میں بھاگا.....

کیا ہوا .....ایک تو یہ لڑکا بھی نہ دانین بیگم کہہ کر اپنے کام میں مصروف ہوگئی........

شاہ ذر نے کمرے میں آکر لفافہ اٹھایا اس کے اندر ایک لیٹر اور کچھ پیپرز تھے

شاہ نے لیٹر نکالا اور پڑھنا شروع کیا.........

"شاہ ذر مجھے نہیں پتہ تھا تم مجھ سے اتنی نفرت کرتے ہو ، اور مجھے تو اس بات کا بھی علم نہیں تھا کہ یہ شادی تمہاری مرضی سے نہیں ہوئی اگر مجھے ذرا بھی اس بات کا علم ہوتا میں کبھی اس رشتے کے لیے ہاں نہیں کرتی ،

خیر تم مجھ سے الگ ہونا چاہتے تھے نہ تو میں تمہیں آزاد کرتی ہوں تم نے کہا تھا نہ یہ رشتہ ایک زبردستی کا رشتہ ہیں تو میں تمہیں اس زبردستی کے رشتے سے چھٹکارا دیتی ہوں ، اس لفافے میں ڈیورس پیپر ہیں میں نے سائن کردیے ہیں تم بھی کر دینا اور تم کہتے تھے نہ کہ جس دن میں تمہاری لائف سے چلی جاؤنگی تم شکر ادا کروگے تو مبارک ہو اب تم شکر ادا کر سکتے ہو

کیونکہ میں اب کبھی تمہیں اپنی شکل نہیں دیکھاؤنگی اور ہاں میں نے ماما کو کہا ہیں کہ میں خالا کے گھر جارہی ہوں کچھ دن کے لیے لیکن اب میں کبھی واپس نہیں آؤنگی میرے جانے کے بعد ماما کو بتا دینا تم کیونکہ میں نہیں کہہ سکتی انہیں ٹھیک ہیں نہ اپنا خیال رکھنا خوش رہو خدا حافظ.......

دانین"........

شاہ نے لفافے سے پیپرز نکالے اس پر دانین کے سائن ہوئے ہوئے تھے شاہ صوفے پر بیٹھ گیا......

"میری ہر ایک امید کا قاتل

تیرا ایک لفظ خدا حافظ"!!

اس کا دماغ کام ہی نہیں کر رہا تھا اسے لگ رہا تھا کہ اس سے کسی نے اس کی زندگی چھین لی ہو اسے اپنا سانس بند ہوتا محسوس ہوا شاہ نے اپنے چہرے پر ہاتھ پھیرا تو اسے نمی کا احساس ہوا......

شاہ تم رو رہے ہو اب رونے کا کیا فائدہ وہ چلی گئی اب بس پچتاوا رہ گیا شاہ کے دل سے آواز آئی......

وہ نہیں جاسکتی مجھے چھوڑ کر شاہ نے خود کلامی کی.....

کیوں نہیں جاسکتی تم نے تو جیسے اس کے ساتھ بہت اچھا کیا ہیں نہ شاہ کے دل نے کہا......

شاہ ذر کو ہر وہ پل یاد آنے لگے جو اس نے دانین نے ساتھ گزارے تھے.....

جب میں نہیں ہوگی نہ یہی حرکتیں یاد آئے گی شاہ کے کانوں میں دانین کے الفاظ گونجے.....

وہ سہی کہہ رہی تھی آج وہ نہیں تھی تو اس کی ہر ایک بات یاد آرہی تھی اسے یقین ہونے لگا تھا کہ واقع اسے اس سے محبت ہوگئی ہیں.....کمرے کی ہر ایک شئے اسے اس کی یاد دلا رہی تھی شاہ نے کمرے کی ہر ایک چیز اٹھا کر پھینک دی اسے خود پر غصہ آرہا تھا کہ اس نے دیر کردی وہ چلی گئی شاہ نے اپنا سر ہاتھوں گرا لیا میں نے اسے کھو دیا شاہ کی آنکھ سے ایک موتی ٹوٹ کر گرا......

دروازے پر دستک ہوئی تو شاہ نے سر اٹھایا آیان کمرے میں داخل ہوا......

کیا ہوا یار آیان فوراً اس کے پاس آیا....

وہ چلی گئی آیان وہ مجھے چھوڑ کر چلی گئی شاہ ذر آیان کے گلے لگ گیا.....

Kitab Nagri www.kitabnagri.com

میں ایسی بات سے ڈرتا تھا جبھی سمجھایا تھا تجھے میں نے آیان نے تاسف سے کہا....

یار مجھے احساس ہوگیا ہیں تو اس سے کہہ نہ کہ وہ واپس آجائے میں نہیں رہ سکتا اس کے بغیر تیری بات مانتی ہیں نہ وہ اسے کہہ نہ تو شاہ ذر نے روتے ہوئے کسی بچے کی طرح کہا.....

آیان نے شاہ ذر کو دیکھا وہ تو کوئی اور ہی شاہ ذر تھا بکھرا ہوا ہارا ہوا واقع محبت بھی کیا چیز ہیں آیان نے دل میں سوچا........

چل تو فکر نہیں کر میں کرتا ہوں کچھ آیان نے اسے دلاسہ دیا اور کچھ دیر باتیں کر کے چلا گیا.....

شاہ نے طے کر لیا تھا کہ وہ دانین کو واپس لے کر آئے گا وہ جو بھی سزا دے اسے قبول ہوگی شاہ ذر نے ڈیورس پیپرز پھاڑ دیے اپنا حلیہ درست کیا اور کمرے سے نکل گیا......

شاہ نے دانین کو کال کی لیکن اس نے ریسیو نہیں کی شاہ نے کچھ سوچ کر دانین کی خالا کو کال کی.... لیکن وہاں سے اسے پتہ چلا دانین تو گھر آئی ہی نہیں ہیں شاہ پریشان ہوگیا اس نے ہر اس جگہ کال کر کے پوچھ لیا جہاں اسے لگا کہ وہ وہاں جا سکتی ہیں لیکن دانین کا کچھ پتہ نہیں چلا......

افففف دانین کہاں چلی گئی خدا کا واسطہ واپس آجاؤ شاہ ذر ادھورا ہیں تمہارے بغیر پلیز یار شاہ ذر کار سے ٹیک لگا کر کھڑا ہوگیا......

شاہ ذر ابھی سوچ ہی رہا تھا کہ اسکے موبائل پر ایک کال آئی شاہ نے کال ریسیو کی......

ہیلو شاہ نے کہا.....

تیری بیوی ہمارے پاس ہیں اگر سلامتی چاہتا ہیں تو 10 لاکھ تیار رکھ اور کل شام جو ایڈریس ہم بتائے وہاں آجانا اور پولیس کو خبر کی تو اپنی بیوی کو بھول جانا کال پر کسی کی آواز گونجی....

لیکن تم ہو کون اور میری بیوی سے کیا دشمنی شاہ ذر نے پوچھا لیکن کال کٹ چکی تھی.......

شٹ شاہ نے گاڑی کو کک ماری.....

شاہ نے پھر اس نمبر پر کال۔ کی جس سے تھوڑی دیر پہلے کال آئی تھی لیکن اب وہ نمبر بند بتا رہے تھے شاہ کی پریشانی مزید بڑھ گئی اس نے آیان کو کال کی تو وہ بھی کال اٹینڈ نہیں کر رہا تھا......

شاہ نے سوچ لیا تھا کہ وہ کسی کو اس بارے میں نہیں بتائے گا کیونکہ وہ دانین کو کھونا نہیں چاہتا تھا شاہ نے رخ گھر کی جانب کیا اب اسے شام کا انتظار تھا.......

تم سہی کہتی تھی کہ تمہارے جانے کے بعد۔ میں تمہیں بہت مس کرونگا شاہ ذر کمرے میں آیا تو ہر چیز بکھری پڑی تھی اسے کسی چیز کی فکر نہیں تھی وہ بیڈ پر جا کر لیٹ گیا.......

ساری رات آنکھوں میں کاٹنے کے بعد اب شاہ ذر کو بس شام کا انتظار تھا پیسے وہ بینک سے نکلوا چکا تھا وقت تھا کہ گزرنے کا نام ہی نہیں رے رہا تھا شاہ ذر کو ایک منٹ بھی ایک گھنٹے کے برابر لگ رہا تھا جیسے تیسے کر کے وقت گزر گیا شاہ ذر نے گھڑی میں ٹائم دیکھا پورے چھ بجے شاہ ذر کے

پاس اسی نمبر سے میسج آیا اس میں ایڈریس لکھا تھا شاہ ذر فوراً گھر سے نکل گیا کچھ دیر بعد وہ اپنی منزل پر پہنچ چکا تھا.....

اس نے چاروں طرف کا جائزہ لیا وہ ایک سنسان سی جگہ تھی ہر طرف بس اندھیرا اندھیرا تھا شاہ کچھ آگے گیا تو وہاں اسے روشنی دیکھی بہت کم تھی چھوٹا سا بلب مشکل سے اندھیرے کو چیرنے میں کامیاب ہورہا تھا.......

آگئے تم پیسے لائے ہو وہاں سے آواز آئی شاہ ذر اس شخص کو دیکھ نہیں پارہا تھا کیونکہ کو اندھیرے میں کھڑا تھا.....

دانین کہاں ہیں شاہ نے سوال کیا.....

ارے اتنی بھی کیا جلدی ہیں وہ شخص تھوڑا آگے آیا.....

کون ہو تم شاہ کو آواز جانی پہچانی سی لگی........

خود دیکھ لو وہ سامنے آگیا لیکن ابھی بھی چہرے پر ماسک تھا شاہ نے اسکا ماسک اتارا تو وہ حیران رہ گیا وہ آیان تھا ..... آیان تجھ سے یہ امید نہیں تھی شاہ نے تاسف سے کہا......

ہاہاہا شاہ کو پیچھے سے لڑکی کے ہنسنے کی آواز آئی وہ اور کوئی نہیں دانین تھی ....شاہ ذر نے آیان کو دیکھا تو وہ بھی ہنس رہا تھا وہ سمجھ گیا تھا اسے بےوقوف بنایا گیا ہیں.......

مطلب تم دونوں کا پلان تھا یہ شاہ نے آیان کو گھورا......

جی کوئی شک آیان نے مسکراہٹ دبا کر کہا.....

لیکن دانین تو چلی گئی تھی یہ سب کیسے اور کب مجھے سمجھ نہیں آرہا شاہ نے کہا.....

دیکھ ہوا کچھ یوں ...جب یہ سب باتیں ہوئی اور دانین نے سب سن لیا تھا تو میں جب جارہا تھا آفس سے تو مجھے دانین کی گاڑی دیکھی میں نے اس کا پیچھا کیا تو وہ وکیل کے پاس جارہی تھی میں نے پھر اس سے بات کی اور سارا پلان سمجھایا کیونکہ میں جانتا تھا تو دانین سے محبت کرتا ہیں بس مانتا نہیں ہیں وہ تو بھلا ہو دانین کا جو اس کو بات سمجھ آگئی ورنہ تو کچھ نہیں ہونا تھا پھر آگے سب تجھے خود پتہ ہیں اور ویسے تیری اس وقت مجنوؤں والی حالت دیکھ کر میں نے سوچا پلان کینسل کردو لیکن پھر سوچا دانین کو اتنا ستایا تیرا بھی کچھ حق بنتا ہیں آیان نے آنکھ ماری......

کیسا دوست ہیں تو یار شرم نہیں آئی تجھے شاہ نے آیان کو مارنا شروع کردیا.....

ارے...ارے....رک یار کیوں مار رہا ہیں ....ابھی تو شادی...بھی نہیں ہوئی آیان نے ہنستے ہوئے کہا......

تجھے تو بعد میں پوچھو گا میں شاہ نے کہا......

کیوں اب کس کو پوچھنے جارہا ہیں دیکھ لی تیری دوستی بھابھی کے آتے ہی دوست کو بھول دیکھ لے قسمت والو کو ملتے ہیں ایسے دوست آیان نے آنسو پونچے جو نکل ہی نہیں رہے تھے.....۔

ہاں بند کر ڈرامے اپنے شاہ واپس اس کے پاس آیا....

ہاہاہا چلو تم لوگ انجوئے کرو آیان نے کہا.....

یہاں انجوئے کرے یہاں کچھ ہیں بھی شاہ نے چاروں طرف دیکھا....

اتنے میں لائٹس جل گئی شاہ نے پیچھے دیکھا تو وہاں ان دونوں کے ڈنر کا انتظام کیا گیا تھا سب کچھ بہت خوبصورتی سے سجایا گیا تھا اور پیچھے کی طرف دانین کھڑی تھی اور وہ بھی بہت خوبصورت لگ رہی تھی آج دانین نے بلیک کلر کا سوٹ پہنا تھا اس کے گورے رنگ پر بیلک کلر بہت اچھا لگ رہا تھا......

تھینک یو سو مچ یار تو بیسٹ ہیں شاہ ذر آیان کے گلے لگ گیا.....

یار تم لوگ ہمیشہ خوش رہو میرے لیے بہت ہیں اور اپنا تھینک یو اپنی پوکٹ میں رکھ آیان نے مصنوئی غصے سے کہا.......

شاہ ذر مسکرا دیا.....

چلو میں چلا انجوئے آیان نے کہا اور چلا گیا.....

ہاں تو کیڈنیپ ہونے کا زیادہ شوق ہیں شاہ ذر دانین کی طرف پلٹا.....

دانین مسکرا دی....

تو پھر تمہیں سزا دی جائے گی مجھے چھوڑ کر جانے کی شاہ نے پر سوچ انداز میں کہا....

سزا؟ کیسی سزا؟ دانین نے پوچھا....

ہاں تو بھئی مسز شاہ ذر آپ کو شاہ ذر کو چھوڑ کر جانے کے جرم میں شاہ ذر کے دل میں عمر قید کی سزا سنائی جاتی ہیں شاہ نے شرارت سے کہا.....

اگر اتنی خوبصورت سزا دی جائے تو مجھے ایسی ہزاروں سزائے قبول ہیں مسٹر شاہ ذر دانین نے مسکرا کر کہا.....

شاہ ذر بھی مسکرا دیا.....

چلو یار کھانا کھاتے ہیں ٹھنڈا ہو جائے گا شاہ نے کہا....

نہیں نہیں پہلے تم مجھے پرپوز کرو پھر دانین نے کہا.....

یہ کیا بات ہوئی شاہ نے کہا....

جو بھی بات ہیں کرو اب جلدی ورنہ کھانا نہیں ملے گا دانین بضد ہوئی....

یار مجھے نہیں آتا شاہ نے معصومیت سے کہا.....

اب کوئی اتنے بھی معصوم نہیں ہو تم دانین نے اسے گھورا تو شاہ ذر ہنس دیا......

شاہ ذر گھٹنوں کے بل بیٹھ گیا اور کہنا شروع کیا.....

دانین آج تک میں تمہیں غلط سمجھتا آیا بے وجہ تم پر غصہ کیا اس سب کے لیے میں شرمندہ ہوں مجھے تمہاری قدر جب ہوئی جب تم نہیں تھی مجھے احساس ہوا کہ شاہ ذر دانین کے بغیر ادھورا ہے

دانین میں تم سے بہت محبت کرتا ہوں بہت بہت زیادہ میں تمہارے بغیر نہیں رہ سکتا میں جانتا ہوں میں نے بہت دکھ دیے ہیں لیکن میں تمہیں اتنی خوشیاں دونگا کہ تم اپنے سارے غم بھول جاؤ گی کیا تم مجھے معاف کر کے میری زندگی میں واپس آسکتی ہو شاہ ذر کو مکمل کردو شاہ ذر تمہارے بغیر ادھورا ہیں شاہ ذر دانین کے بغیر کچھ نہیں ہیں آئی لو یو دانین آئی لو یو سو مچ شاہ ذر نے دانین کے آگے اپنا ہاتھ پھیلایا جیسے دانین نے فوراً تھام لیا شاہ نے اٹھ کر دانین کو گلے سے لگا لیا .....آئی لو یو ٹو دانین نے آہستہ سے شاہ ذر کے کان میں کہا اور دونوں مسکرا دیے.......

ایک سال بعد.....

شاہ ذر یہ کیا تم نے سب پھیلا رکھا ہیں دانین کمرے میں آئی.....

آنکھیں نہیں کیا تمہارے پاس دیکھ نہیں رہا میں کچھ ڈھونڈ رہا ہوں شاہ نے جواب دیا.....

کیا ڈھونڈ رہے ہو دانین اس کے سر پر پہنچ گئی.....

میرے کچھ پیپرز تھے میں نے یہاں رکھے تھے پتہ نہیں کہاں گئے اس نے میز کی طرف اشارہ کیا....

ارے وہ وہ تو میں نے لوکر میں رکھ دیے تھے دانین نے کہا.....

لوکر میں کیوں سونے کے تھے کیا ؟.....

تم نے کہا تھا نہ میری چیزیں سنبھال کر رکھا کرو اس لیے دانین نے معصومیت سے کہا.....

لڑکی تمہارا دماغ خراب ہیں کیا شاہ کو لگا کہ وہ کوئی پاگل ہیں.....

نہیں تو دانین نے کہا.....

افففف لا کر دو اب مجھے شاہ نے کہا....

اور یہ سب سمیٹے گا کون دانین نے اسے گھورا.....

تم شاہ نے مسکراہٹ دبا کر کہا....

کیوں میں نوکرانی ہوں کیا دانین بولی......

نوکرانی سے کم بھی نہیں ہو شاہ ذر نے ہنستے ہوئے کہا......

روکو تم تمہیں میں چھوڑوں گی نہیں آج تم ضائع ہوجاؤ گے میرے ہاتھوں

دانین شاہ کے پیچھے بھاگی.....

#ختم_شد

السلام علیکم!

اگر آپ میں لکھنے کی صلاحیت ہے اور آپ اپنا لکھا ہوا دنیا تک پہنچانا چاہتے ہیں۔ تو

www.kitabnagri.com آن لائن ویب سائٹ آپ کو پلیٹ فارم فراہم کر رہی ہے۔

اگر آپ ہماری ویب پر اپنا ناول، ناولٹ، افسانہ، کالم، ارٹیکل یا شاعری پوسٹ کروانا چاہتے ہیں تو

ابھی ای میل کریں۔

samiyach02@gmail.com

آپ ہمارے فیس بک پیج اور ای میل کے ذریعے رابطہ کر سکتے ہیں۔

Fb/Page/Social Media Writers .Official

Fb/Pg/Kitab Nagri

samiyach02@gmail.com